NHS

UK Health Security Agency

# بڑی عمر کے افراد کے لیے آپ کی RSV ویکسین گائیڈ

## خود کو ریسپائریٹری سنسیشل وائرس (RSV) ویکسین کے ذریعے کیسے تحفظ دلایا جائے



**ایسے افراد کے لیے مفت RSV ویکسین پر معلومات جو:**

- 1 ستمبر 2024 کو یا اس کے بعد 75 سال کے ہو جائیں گے
- 1 ستمبر 2024 کو پہلے سے ہی 75 سے 79 سال کے درمیان ہیں

## کیا مجھے ہر سال ویکسین لگوانی ہوگی؟

نہیں، توقع ہے کہ ایک واحد خوراک آپ کو چند سالوں کے لیے عمدہ تحفظ فراہم کرے گی۔



## کسے RSV ویکسینیشن لگوانی چاہیے؟

ہر وہ فرد جو 1 ستمبر 2024 کو یا اس کے بعد 75 سال کا ہونے والا ہو، اسے RSV ویکسین کی واحد خوراک دی جائے گی۔ ایسا اس لیے ہے کیونکہ بڑی عمر کے افراد کو RSV کے نتیجے میں سنگین پیچیدگیوں کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ آپ 80 سال کی عمر ہونے سے ایک دن پہلے تک بھی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

پروگرام کے پہلے سال کے لیے، رہ جانے والے افراد کے تکمیلی پروگرام کے جزو کے طور پر، ویکسین اُن افراد کو بھی لگائی جائے گی جو 1 ستمبر 2024 کو پہلے سے ہی 75 سے 79 سال کے درمیان ہوں گے۔

## 75 سال سے کم عمر افراد کا کیا ہوگا؟

کم عمر افراد جب 75 سال کے ہو جائیں گے پھر انہیں ویکسین لگائی جائے گی۔

## کیا میں اپنی COVID-19 یا فلو ویکسین کے ساتھ ساتھ RSV ویکسین لگوا سکتا ہوں؟

RSV کو عموماً آپ کی COVID-19 یا فلو ویکسینز کے اپائنٹمنٹ میں نہیں لگایا جاتا۔

مخصوص طبی حالات میں، آپ کا ڈاکٹر یا نرس انہیں ایک ہی وقت میں محفوظ انداز میں لگا سکتا ہے۔

## کیا میں RSV ویکسین کو روڑے یا نمونیا ویکسین کے ساتھ ساتھ لگوا سکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ یہ ویکسینز ایک ہی وقت میں لگوا سکتے ہیں۔

## کیا کوئی ایسا بھی ہے جسے ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟

تقریباً ہر شخص ویکسین لگوا سکتا ہے، لیکن اگر آپ کو ویکسین یا اس میں شامل اجزاء سے شدید الرجی ہے تو ڈاکٹر یا نرس کو آگاہ کریں۔

اگر آپ کو معمولی بیماری ہے جیسے کہ زکام، تو آپ ویکسین لگوا سکتے ہیں، لیکن اگر آپ کی طبیعت زیادہ خراب ہے یا آپ کو بخار ہے، تو ڈاکٹر یا نرس آپ کی طبیعت بہتر ہونے تک انتظار کرنے کا مشورہ دے سکتے ہیں۔

## RSV کیا ہے

ریسپائریٹری سنسیشل وائرس (RSV) سانس کی نالیوں اور پھیپھڑوں کی ایک وبائی بیماری ہے۔ RSV انفیکشن عموماً زکام، بشمول کھانسی، گلے کی خراش، چھینکوں اور بہتے نزلے یا بند ناک جیسی علامات پیدا کرتا ہے۔ یہ سانس میں خرخراہٹ یا سانس لینے میں تنگی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ نمونیا اور زندگی کے لیے خطرہ بننے والے دیگر عوارض کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کا کوئی مخصوص علاج نہیں ہے، اور زیادہ تر انفیکشنز خود ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ہر سال ہزاروں بڑی عمر کے افراد کو RSV کے باعث اسپتال میں نگہداشت درکار ہوتی ہے، اور ان میں سے کچھ وفات پا جاتے ہیں۔ RSV مختلف عوارض جیسے کہ دل یا پھیپھڑوں کے امراض میں مبتلا یا کمزور مدافعتی نظام کے افراد میں زیادہ شدید ہو سکتا ہے۔

RSV انفیکشن چھوٹے بچوں میں عام ہے لیکن یہ شیر خوار بچوں اور بڑی عمر کے افراد کے لیے سب سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔



## RSV میں آپ کیسے مبتلا ہوتے ہیں؟

RSV انفیکشنز پورا سال ہو سکتے ہیں مگر سردیوں میں اس کے مریضوں کی تعداد سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

RSV کھانسی اور چھینکوں کے ذریعے پھیل سکتا ہے۔ آپ کھانستے یا چھینکتے ہوئے اپنے منہ اور ناک کو ڈھانپ کر (بہتر یہ ہے کہ ٹشو سے ڈھانپیں، یا پھر اپنی کہنی کو موڑ لیں)، اور آپ وائرس کا خطرہ کم کرنے کے لیے بار بار اپنے ہاتھ دھو سکتے ہیں۔ ان احتیاطی تدابیر کے باوجود RSV انفیکشن سے بچنا مشکل ہو سکتا ہے۔

خود کو محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ ویکسین لگوانا ہے۔

## ویکسین کیسے کام کرتی ہے؟

تقریباً تمام بڑی عمر کے افراد کو اپنی زندگی میں کئی RSV انفیکشنز ہو چکے ہوں گے۔ جب آپ شدید RSV انفیکشن کے سب سے زیادہ خطرے کی حامل عمر کے گروپ میں پہنچیں گے تو ویکسین کی ایک واحد خوراک آپ کے تحفظ کو بڑھانے میں مدد دے گی۔

## کیا دیگر لوگ بھی RSV ویکسین کے اہل ہیں؟

حاملہ خواتین کو بھی ویکسین لگائی جا رہی ہے تاکہ ان کے بچوں کو RSV سے محفوظ رکھا جا سکے۔ آپ حاملہ خواتین کے لیے RSV ویکسین کی گائیڈ یہاں پڑھ سکتے ہیں:

**www.gov.uk/government/publications/respiratory-syncytial-virus-rsv-maternal-vaccination**

## کیا ویکسین مجھے مکمل تحفظ دے گی؟

ویکسین سے یہ ظاہر ہو چکا ہے کہ یہ آپ کے RSV مرض میں مبتلا ہونے کا امکان کم کرتی ہے۔ دیگر تمام ادویات کی طرح، کوئی بھی ویکسین مکمل طور پر مؤثر نہیں ہوتی اور بعض لوگوں کو ویکسین لگوانے کے باوجود RSV ہو سکتا ہے۔ لیکن اس صورت میں آپ کو ہونے والا RSV کم شدید ہوگا۔

## میں کب تک محفوظ رہوں گا؟

طبی تجزیوں میں، RSV ویکسین نے کم از کم 2 سالوں تک عمدہ تحفظ فراہم کیا ہے، اور توقع ہے کہ یہ اس سے بھی زیادہ عرصہ تحفظ دے گی۔

## کیا مجھے کوئی مضر اثرات ہوں گے؟

ویکسینیشن کے بعد ایک یا دو دن کے لیے آپ کو انجیکشن لگنے کے مقام پر تھوڑی بہت سوزش، سرخی یا سوجن ہو سکتی ہے۔

US میں اس کے استعمال کے پہلے سیزن میں، 12 ملین سے زیادہ ویکسینز کی خوراکیں لگائی گئیں۔ ہر ایک ملین ویکسینز میں سے تقریباً 10 کیسز میں اعصابی نظام کا ایک عارضہ دیکھا گیا جو کمزوری پیدا کرتا ہے۔ لاتعداد عام انفیکشنز اور بعض ویکسینز کے بعد بھی ایسا ہی عارضہ سامنے آتا ہے مگر ممکنہ طور پر ایک سنگین RSV انفیکشن میں مبتلا ہونے کے مقابلے میں ویکسین لگوانا آپ کے لیے مجموعی طور پر زیادہ محفوظ ہے۔

## اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جب آپ 75 سال کے ہوجائیں گے تو آپ کا GP عملہ آپ کی RSV ویکسین کے اپائنٹمنٹ کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔

اگر آپ 75 سے 79 سال کے ہیں اور آپ کو اب تک مدعو نہیں کیا گیا تو اپنی RSV ویکسین لگوانے کے لیے اپنے GP عملے سے رابطہ کریں۔

## میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ Abrysvo نامی RSV ویکسین کے لیے مریض کا معلوماتی کتابچہ یہاں پڑھ سکتے ہیں:

**www.medicines.org.uk/emc/product/15309/pil**

اگر آپ کے پاس مزید سوالات ہیں، اپنے پریکٹس نرس، GP یا اپنی ہیلتھ ٹیم سے بات کریں۔

آپ مشتبہ ضمنی اثرات کی اطلاع یلو کارڈ ویب سائٹ پر یا مفت فون لائن 0800 731 6789 پر (پیر تا جمعہ صبح 9 سے شام 5 بجے تک) کال کرکے یا یلو کارڈ ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے دے سکتے ہیں۔

**www.mhra.gov.uk/yellowcard**

© Crown copyright 2025. Version 4. UK Health Security Agency Gateway Number 2024980. Product code: V2C24RSV01UR Urdu. 2P 130K FEB 2025 (APS). To order more copies of this asset, please visit: www.healthpublications.gov.uk or call 0300 123 1002. This leaflet is available as a BSL video, and audio file, in braille, large print and translated into 30 community languages.